# خاندانوں اور معلمین کے لیے COVID-19 ویکسینوں سے متعلق عمومی سوالات

## 12 سے 17 سال کی عمر کے نوجوان Pfizer کی COVID-19 ویکسین لگوا سکتے ہیں۔

اپنے قریب سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/vaccinefinder** ملاحظہ کریں یا **877-829-4692** پر کال کریں۔ بہت سی سائٹس اپوائنٹمنٹ درکار نہیں کرتیں۔

---

- ویکسینیں مفت ہیں! ویکسین لگوانے کے لیے آپ کو صحت بیمے کی ضرورت نہیں ہے۔
- کسی نابالغ کو ویکسین لگوانے کے لیے والدین یا سرپرستوں کو شخصی طور پر یا بذریعہ فون اجازت دینی ہو گی۔ کئی سائٹس تحریری اجازت بھی قبول کرتی ہیں۔ 12 سے 15 سال کے ہر بچے کے لیے کسی بالغ کا ساتھ آنا ضروری ہے۔
- عمر کا ثبوت، جیسے کہ ID یا سند ولادت، درکار ہے۔ والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست بھی نابالغ کی عمر کی تصدیق کر سکتے ہیں۔
- کلینیکل مطالعات میں Pfizer ویکسین 12 سے 17 سال کے افراد پر ٹیسٹ کی گئی تھی اور COVID-19 کی بیماری کے خلاف محفوظ اور مؤثر دیکھی گئی تھی۔ ضمنی اثرات عام ہیں اور ان کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ آپ کے جسم میں مدافعت پیدا ہو رہی ہے!

---

**1. 18 سال سے کم عمر کے کسی بھی فرد کو ویکسین لگوانے کی کیوں ضرورت ہے؟ میرا خیال تھا کہ COVID-19 نوجوانوں پر اثر نہیں کرتا۔**

ہر عمر کے افراد کو COVID-19 ہو سکتا ہے۔ جبکہ COVID-19 عام طور پر بڑوں کے لیے زیادہ خطرناک ہے، نوجوان COVID-19 سے شدید بیمار ہو چکے ہیں اور ان کا انتقال بھی ہوا ہے۔ کچھ لوگوں کو COVID-19 کے بعد صحت کے طویل مدتی مسائل بھی درپیش ہوئے ہیں، جیسے کہ تنفسی مسائل یا دائمی تھکاوٹ۔

نوجوانوں کو ویکسین لگوانے سے دوسروں کو تحفظ دینے میں بھی مدد ملتی ہے، جیسے کہ دادا دادی یا نانا نانی اور وہ رشتے دار جن کو کوئی ایسا طبی عارضہ درپیش ہے جس کی وجہ سے ان کو شدید نتائج کا زیادہ خطرہ درپیش ہے۔ ویکسین لگوانا آپ کی کمیونٹی میں بھی لوگوں کی مدد کرتا ہے کیونکہ ویکسین لگوانے سے وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد ملتی ہے۔ بہت سے نوجوان تب بھی وائرس سے متاثر ہو سکتے ہیں اور اسے پھیلا سکتے ہیں جب وہ بیمار نہ محسوس کر رہے ہوں۔

**2. کیا مجھ سے ویکسین لگوانا درکار کیا جاتا ہے؟**

ویکسین لگوانے یا نہ لگوانے کے حوالے سے ہر کسی کے پاس انتخاب موجود ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ لوگوں کے پاس معلومات ہوں جو انہیں فیصلہ کرنے کے لیے درکار ہیں۔

NYC VACCINE FOR ALL: SAFE, FREE, EASY

NYC

Urdu

### 3. 18 سال سے کم عمر کے افراد کہاں سے ویکسین لگوا سکتے ہیں؟

NYC میں ویکسین لگوانا آسان ہے۔ اپنے قریب سائٹ تلاش کرنے کے لیے آپ **nyc.gov/vaccinefinder** ملاحظہ کر سکتے ہیں یا **877-829-4692** پر کال کر سکتے ہیں۔ 12 سے 17 سال کی عمر کے افراد صرف Pfizer ویکسین ہی لگوا سکتے ہیں، لہٰذا ایسی سائٹ دیکھیں جہاں یہ ویکسین دستیاب ہے۔

### 4. ہم کیسے جانتے ہیں کہ ویکسینیں نوجوانوں کے لیے کام کرتی ہیں۔

Pfizer ویکسین کا نوجوانوں میں مطالعہ کیا گیا تھا اور یہ بہت محفوظ اور مؤثر دکھائی دی تھی۔ اس عمل کی امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن اور دیگر اداروں کے ساتھ ساتھ آزاد ماہرین نے قریب سے نگرانی کی تھی۔

### 5. اس کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟ کیا اس سے کوئی تکلیف ہو گی؟

کسی بھی دوسرے ٹیکے کی طرح، کسی بھی نوجوان شخص کو ویکسین لگواتے وقت ہلکا سا درد ہو سکتا ہے۔
اس کے بعد ان کو بازو میں ویکسین لگنے کی جگہ پر درد ہو سکتا ہے، اور انہیں تھکاوٹ یا تکلیف دہ محسوس ہو سکتا ہے، سر درد ہو سکتا ہے، یا بخار ہو سکتا ہے۔ عام طور پر یہ اس بات کی نشانی ہے جسم میں تحفظ پیدا ہو رہا ہے۔ ضمنی اثرت عام طور پر ایک سے دو دن تک رہتے ہیں۔ اگر آپ کے ضمنی اثرات کے حوالے سے کوئی خدشات ہوں تو اپنے ماہرِ امراضِ اطفال سے بات کریں یا **311** پر کال کریں۔

Pfizer ویکسین کے لیے دو ٹیکے درکار ہوتے ہیں۔ چاہے آپ یا آپ کے بچے کو پہلے ٹیکے کے بعد ضمنی اثرات کا سامنا کرنا پڑا ہو، پھر بھی دوسرا ٹیکہ لگوانا ضروری ہے۔

### 6. ویکسین کی لاگت کیا ہے؟ اگر ہمارے پاس بیمہ نہ ہو تو کیا ہو گا؟

ویکسین مفت ہے اور اسے لگوانے کے لیے آپ کو بیمے کی ضرورت نہیں۔ اگر آپ کے پاس بیمہ ہے تو اس کو بل کیا جا سکتا ہے لیکن آپ کو ادائیگی میں اپنا حصہ نہیں ڈالنا ہو گا اور نہ ہی کوئی دوسری فیس ادا کرنی ہو گی۔

### 7. میرے خاندان کے پاس کوئی ڈاکٹر نہیں ہے۔ سوالات کی صورت میں مجھے کہاں کال کرنا ہو گا؟

ویکسینوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/covidvaccine** یا **cdc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔
آپ **311** پر کال کر کے بھی COVID-19 ویکسینوں کے بارے میں کسی سے بات کروانے کو کہہ سکتے ہیں۔

### 8. ویکسین لگوا لینے کے بعد کسی بھی نوجوان فرد کو کیا کرنا چاہیے؟

مکمل ویکسین لگ جانے کے بعد سبھی سرگرمیاں محفوظ ہوتی ہیں! مکمل ویکسین لگوا لینے والے افراد وہ سرگرمیاں پھر سے شروع کر سکتے ہیں جن سے وہ عالمگیر وباء سے پہلے لطف اندوز ہوا کرتے تھے اور زیادہ تر سرگرمیاں چہرے پر نقاب پہنے یا جسمانی فاصلہ قائم رکھے بغیر کر سکتے ہیں۔ کچھ جگہوں پر لوگوں سے ماسک پہننا درکار کیا جاتا ہے چاہے ویکسین لگی ہوئی ہو۔ ان میں پبلک ٹرانسپورٹیشن، اسٹور اور دیگر پبلک مقامات شامل ہیں اگر یہاں کے مالکان یا آپریٹرز ماسک پہننا درکار کریں۔

ہم تجویز کرتے ہیں کہ مزید لوگوں کو ویکسین لگ جانے تک سب لوگ اس وقت اپنے چہرے پر نقاب پہن کر رکھیں جب وہ چار دیواری میں موجود ہوں۔

### 9. کیا 12 سے 17 سال کے افراد کو ویکسین لگوانے کے لیے اجازت کی ضرورت ہے؟

جی ہاں۔ والدین میں سے کسی ایک یا سرپرست کو رضامندی دینا ہو گی۔ رضامندی اپوائنٹمنٹ کے وقت شخصی طور پر یا بذریعہ فون دی جا سکتی ہے۔ سٹی کے زیر انتظام چلنے والی تمام سائٹس سمیت، کچھ ویکسینیشن سائٹس تحریری رضامندی بھی قبول کرتی ہیں۔ ویکسینیشن سائٹ پر 12 سے 15 سال کے بچوں کے ہمراہ والدین میں سے کسی ایک یا سرپرست یا والدین میں سے کسی ایک یا سرپرست کے منتخب کردہ کسی بالغ نگہداشت فراہم کنندہ کو آنا ہوگا۔

ہر نوجوان کو اپنی عمر کا ثبوت دکھانا ہو گا، جیسے سند ولادت یا ان کی تاریخ پیدائش والا کوئی اور ID۔ اگر ان کے پاس عمر کا کوئی ثبوت نہیں ہے تو والدین میں سے کوئی ایک یا سرپرست ان کی عمر کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ ویکسین لگوانے کے لیے آپ کو اپنی ترک وطن کی حیثیت شیئر کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ 5.26.21

# نوجوانوں کے لیے نیویارک سٹی کی COVID-19 ویکسین سائٹس کے پتے

**نیچے دی گئی سائٹس پر پیشکی اپوائنٹمنٹس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اضافی سائٹس تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/vaccinefinder ملاحظہ کریں اور ویکسین کی قسم "Pfizer" کے لحاظ سے تلاش کریں۔**

## Brooklyn

**NYC Health + Hospitals, Coney Island**
2601 Ocean Parkway
Brooklyn, NY 11235

**NYC Health + Hospitals, Kings County**
451 Clarkson Ave.
Brooklyn, NY 11203

**NYC Health + Hospitals, Woodhull**
760 Broadway
Brooklyn, NY 11206

**NYC Vaccine Hub - St. Nicks Alliance**
211 Ainslie St.
Brooklyn, NY 11211

**NYC Vaccine Hub - Flatbush YMCA**
1401 Flatbush Ave.
Brooklyn, NY 11210

**NYC Vaccine Hub - Starrett City/Spring Creek Towers Cityblock Health**
1310 Pennsylvania Ave.
Brooklyn, NY 11239

**Barclays Center - Modell's Sports**
140 Flatbush Ave.
Brooklyn, NY 11217

**NYC Vaccine Hub - Brooklyn Children's Museum**
145 Brooklyn Avenue
Brooklyn, NY 11203

## Bronx

**Bronx Zoo Vaccination Site**
2300 Southern Blvd.
Bronx, NY 10460

**NYS - Bay Eden Senior Center**
1220 E. 229th St.
Bronx, NY 10466

**NYC Health + Hospitals, Jacobi**
1400 Pelham Parkway South
Bronx, NY 10461

**NYC Health + Hospitals, Lincoln**
234 E. 149th St.
Bronx, NY 10451

**NYC Health + Hospitals, North Central Bronx**
3424 Kossuth Ave.
Bronx, NY 10467

**NYC Vaccine Hub - Lehman College - The Apex Center**
250 Bedford Park Blvd. West
Bronx, NY 10468

## Manhattan

**NYS - Javits Center**
429 11th Ave.
Manhattan, NY 10018

**NYC Health + Hospitals, Bellevue**
462 First Ave.
Manhattan, NY 10016

**NYC Health + Hospitals, Harlem**
506 Lenox Ave.
Manhattan, NY 10037

**NYC Health + Hospitals, Metropolitan**
1901 First Ave.
Manhattan, NY 10029

**NYC Vaccine Hub - Yeshiva University**
2495 Amsterdam Ave.
Manhattan, NY 10033

**NYC Vaccine Hub - Abyssinian Baptist Church**
132 West 138th St.
Manhattan, NY 10030

**NYC Vaccine Hub - American Museum of Natural History**
200 Central Park West
Manhattan, NY 10024

**NYC Vaccine Hub - ATC Vaccination Times Square (پہلے یہ NFL Experience تھا)**
20 Times Square
Manhattan, NY 10036

**NYC Vaccine Hub - Fulton Center/Google**
119 9th Ave.
Manhattan, NY 10011

## Staten Island

**Northwell SIUH - Empire Outlets**
55 Richmond Terrace
Staten Island, NY 10301

**NYC Vaccine Hub - St. Joseph - St. Thomas School**
50 Maguire Ave.
Staten Island, NY 10309

**Northwell SIUH - Staten Island Mall**
280 Marsh Ave.
Staten Island, NY 10314

## Queens

**NYS - Aqueduct Race-track**
110-00 Rockaway Blvd.
Queens, NY 11420

**Citi Field**
36-2 126th St.
Queens, NY 11368

**NYS-FEMA York College**
160-02 Liberty Ave.
Queens, NY 11433

**NYC Health + Hospitals, Elmhurst**
79-01 Broadway
Queens, NY 11373

**NYC Health + Hospitals, Queens**
82-68 164th St.
Queens, NY 11432

**NYC Vaccine Hub - Queensborough Community College Robert F. Kennedy Hall**
221-05 56th Ave.
Queens, NY 11364

**NYC Vaccine Hub - Korean Community Services**
203-05 32nd Ave.
Queens, NY 11361

**NYC Vaccine Hub - Queens Center Mall**
58-56 92nd St.
Queens, NY 11373

**NYC Vaccine Hub - Queens Public Library at Ozone Park**
92-24 Rockaway Blvd.
Queens, NY 11417

**Queens Public Library - Flushing Library**
41-17 Main St.
Queens, NY 11355